© rasailojaraid.com



السیرۃ العالمی ششماہی ربیع الاول ۱۴۲۰ھ / جون ۹۹ء مدیر : سید فضل الرحمان صاحب۔

ضخامت : ۳۲۸ صفحات۔ قیمت : ۸۰ روپے۔

ناشر : زوار اکیڈمی پبلی کیشنز ‘ اے۔ ۴ / ۱۷۔ ناظم آباد نمبر ۴۔ کراچی نمبر ۱۸۔

دور حاضر میں سیرت طیبہ سے استفادے کی جتنی ضرورت تھی اتنی ضرورت شاید اب سے پہلے کبھی نہ تھی۔ کیونکہ آج انسانی معاشرہ اور انسانیت تنزل اور انحطاط کی جن وادیوں میں بھٹک رہی ہے اس کیلئے ضروری ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ اور سیرت طیبہ سے مکمل وابستگی اختیار کریں تب ہی ہمیں دنیا و آخرت کی حقیقی خوشنصیب ہوگی۔ ایسے دور انحطاط میں السیرۃ کے عنوان سے رسالے کا اجراء نہایت ہی خوش آئند اقدام ہے۔ مجلّہ کے مدیر جناب حافظ سید فضل الرحمان صاحب کو اللہ تعالیٰ نے تفسیر قرآن اور سیرت طیبہ کے ساتھ شغف کا قابل رشک ذوق عطا فرمایا ہے اور یہ ذوق آپ کو اپنے والد گرامی قدر مولانا سید زوار حسین شاہ نقشبندی سے ملا ہے۔ زیر تبصرہ مجلّہ السیرۃ العالمی ششماہی کا پہلا شمارہ ہے جو کہ سیرت رسول ﷺ کے متعلق مقالات اور مضامین کا مجموعہ ہے۔ مدیر محترم پیغام سیرت کے زیر عنوان رقمطراز ہیں "کچھ عرصہ سے مستشرقین کو مسلمانوں کے مذہبی اور علمی معاملات میں مداخلت کا موقع مل رہا ہے اور وہ اپنے مخصوص مفادات و مقاصد کے تحت ان سرگرمیوں میں مصروف ہیں جو اسلامی تعلیمات کو غلط انداز سے پیش کرنے کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کے مابین اختلافات پیدا کرنے کا بھی باعث ہیں۔ نیز اسی ہمہ ہمی میں ایسے متجددین بھی پیدا ہوتے رہتے ہیں جن کی کاوشیں اسلام کے حق میں جانے سے زیادہ اس کیلئے ضرر رساں ثابت ہوتی ہیں یہ صورت حال کسی بھی درد مند مسلمان کیلئے قابل قبول نہیں ہو سکتی۔ اس کے سدباب کا علمی انداز یہی ہے کہ مسلم مفکرین اور اہل قلم محققین کو ایسا پلیٹ فارم مہیا کرا دیا جائے جہاں وہ اسلامی محاذوں پر اپنی خدمات انجام دے سکیں۔ السیرۃ العالمی اسی سمت ایک ادنیٰ کوشش ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پرچہ کو مقبولیت عامہ سے نوازے۔ اور عامۃ المسلمین کے پر مغز مضامین سے بہرہ ور ہو کر اپنی زندگیاں سیرت رسول ﷺ کے مطابق بسر کر سکیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com